DARUL IFTA AHLUS SUNNAH
Email : daruliftaonline786@gmail.com
WhatsApp No : +9195246 92786

دارالإفتاءاهل السنه
All Social Accounts : /Daruliftaonline

Ref. Date

سوال ۔ سلسلہ مدادریہ سے بیعت ہونا جائز ہے یا نہیں ؟

باسمہ تعالی وتقدس والصلاۃ والسلام علی حبیبہ الکریم

الجواب بعون الملک الوہاب

سلسلۂ مداریہ سے بیعت ہونا جائز نھیں اسلئے کہ یہ سلسلہ سوخت ہے جیساکہ حضرت سیدنا میر عبدالواحد بلگرامی رضی اللہ تعالی عنہ نے سبع سنابل شریف کے دوسرے سنبلہ میں تفصیلا تحریر فرمایاہے واضح رہے سبع سنابل شریف وہ مبارک کتاب ہے جو حضور نبیٔ کریم ﷺ کی بارگاہ میں مقبول ہے جیساکہ حضرت شاہ کلیم اللہ چستی علیہ الرحمۃ والرضوان نے بستر خواب پر عالم واقعہ میں دیکھاہے ملاحظہ ہو اصح التواریخ جلد اول ص ۱۶۷ مآثر الکرام ص ۲۹ اور کاشف الاستار ص ۴۱ اس خاندان کا جو سلسلہ اکابر میں چلا آیاہے وہ محض تبرک کے لئے ہے مجدد اعظم اعلی حضرت امام احمد رضا خان محدث بریلی علیہ الرحمہ تحریر فرماتے ہیں حضرت شاہ بدیع الدین مدار قدس سرہ الشریف اکابر اولیائے عظام سے ہیں مگر ولی ہونے کو یہ ضرور نہیں کہ اس سے سلسلۂ بیعت بھی جاری ہو- ہزاروں صحابۂ کرام رضی اللہ تعالی عنہم میں صرف چند صاحبوں سے بیعت ہے باقی کسی صحابی سے نہیں پھر انکی ولایت کو کسکی ولایت پہنچ سکتی ہے- اس خاندان کا جو سلسلہ اکابر میں چلا آیاہے وہ محض تبرک کے لئے ہے - جیسے حدیث شریف کا سلسلہ باقی افاضہ کا اجراء اس سے نہ ہوا جیساکہ حضرت سیدنا میر عبدالواحد بلگرامی قدس سرہ السامی نے سبع سنابل شریف میں ارشاد فرمایاہے توجسے بیعت صحیحہ سلاسل نافذہ منفقہ میں ہو وہ اپنے مشائخ سے تبرکاً اس سلسلہ کی بھی سند لے لے تو حرج نہیں ۔ اور اسی پر اکتفاء اور خصوصاً اہل فسق جو اکثر اس سلسلہ کا غلط نام بدنام کرنے والے ہیں ان سے رجوع یہ باطل اور ممنوع ہے اھ

(فتاوی رضویہ جلد ۱۲ ص ۱۴۹)

واللہ تعالی اعلم بالصواب

کتبہ
محمد نسیم رضا منظری
خادم دارالافتاء اہل السنہ